11جون2024ء

# اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ڈیجیٹل سپلائی چین فنانس (ڈی ایس سی ایف) سالیوشنز اپنانے کی ہدایت کر دی

بینک دولت پاکستان نے چھ ماہ کے اندر سپلائی چین فنانس(supply chain finance) کے ڈیجیٹل سالیوشنز تیار اور نافذ کرنے کے لیے بینکوں کو ہدایات جاری کر دی ہیں تا کہ چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کی فنانس تک رسائی بڑھانے اور خردہ ادائیگیوں کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جاسکے۔

اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ سرکلر کے تحت بینکوں پر لازم ہے کہ وہ ایک مؤثر سپلائی چین فنانس (ایس سی ایف) کا شعبہ قائم کریں جس میں ڈیجیٹل ایس سی ایف پراڈکٹس تیار اور ایس ایم ایز کو پیش کرنے کے لیے مناسب طور پر تربیت یافتہ انسانی وسائل اور نظام موجود ہوں۔ بینکوں کو مزید ہدایت کی گئی ہے کہ یا تو ایس سی ایف کے لیے خود اپنے ڈیجیٹل سالیوشنز تیار کریں یا ڈیجیٹل ایس سی ایف فراہم کرنے کے لیے کسی فن ٹیک یا سروس پرووائیڈر کے ساتھ شراکت کریں۔

ڈی ایس سی ایف سالیوشنز سے نہ صرف ایس ایم ایز کی فنانس تک رسائی میں اضافہ ہو گا بلکہ عملی کارکردگی بھی بہتر ہو گی، لاگت کم ہو گی اور رسک مینجمنٹ کے طور طریقے مضبوط ہوں گے۔

اسٹیٹ بینک کا سرکلر ایس بی پی ویب سائٹ کے اس لنک پر دستیاب ہے: https://www.sbp.org.pk/smefd/circulars/2024/C1.htm